SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۱۹۸۹

SINDH ACT NO.VII OF 1989

سندھ سرونٹس (ایڈہاک تقرریوں کی مستقلی) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH CIVIL SERVANTS (REGULARIZATION OF ADHOC APPOINTMENTS) ACT, 1989

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ کچھ سول ملازمین کی نوکری کی مستقلی
Regularization of services of certain civil servants
۴۔ ملازمت سے ہٹانے کا طریقیکار، جہاں ملازمت سے ہٹانا ضروری ہو
Procedure for termination of services where such termination is necessary
۵۔ سینیارٹی
Seniority

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۱۹۸۹

SINDH ACT NO.VII OF 1989

سندھ سرونٹس (ایڈہاک تقرریوں کی مستقلی) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH CIVIL SERVANTS (REGULARIZATION OF ADHOC APPOINTMENTS) ACT, 1989

[۲۲ مئی ۱۹۸۹]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے ایڈہاک بنیاد پر بھرتی کردہ کچھ سول ملازمین کی ملازمت کو مستقل کیا جائے گا۔

جیسا کہ ایڈہاک بنیاد پر بھرتی کردہ کچھ سول ملازمین کی ملازمت کو مستقل کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ سول سرونٹس (ایڈہاک تقریوں کی مستقلی) ایکٹ، ۱۹۸۹ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔ (۱) اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "ایکٹ" مطلب سندھ سول سرونٹس ایکٹ، ۱۹۷۳؛

(b) "کمیشن" مطلب سندھ پبلک سروس کمیشن؛

(c) "حکومت" مطلب حکومت سندھ؛ اور

(d) "پوسٹ" مطلب سندھ حکومت کی طرف سے صوبے کے معاملات کے لیئے قائم کی گئی آسامی۔

(۲) اظہار "ایڈہاک تقرری" اور "سول سرونٹ" کا مفہوم وہ ہی لیا جائے گا جو اس ایکٹ میں دیا گیا ہے۔

کچھ سول ملازمین کی نوکری کی مستقلی
Regularization of services of certain civil

۳۔(۱) جب تک کچھ اس ایکٹ یا قواعد، یا کسی ڈکری، حکم یا کورٹ کے فیصلے کے متضاد نہ ہو، لیکن اس ایکٹ کی گنجائشوں کے موجب ہو، ایک

سول سرونٹ جس کی خالع آسامی پر ایڈہاک تقرری کی گئی ہو یا ۱۲ اکتوبر ۱۹۸۸ سے پہلے اور اس ایکٹ کے آغاز تک جاری رکھا ہو، اس سلسلے میں ملے احکامات پر، اس ایکٹ کی شروعات والی تاریخ سے کارگر طریقے سے اس عہدے پر مستقل تقرری سمجھی جائے گی۔

(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت احکامات تب تک جاری نہیں کیئے جائیں گے، جب تک ایسے سول ملازمین کی تعلیمی قابلیت، تجربے، عمر اور ڈومیسائیل کی جگہ کی جانچ پڑتال نہیں کی جاتی اور اس کو حکومت کی مقرر کردہ خاص کمیٹی کی طرف سے کلیئر قرار نہ دیا جائے۔

(۳)ذیلی دفعہ (۲) کے تحت بنائی گئی خاص کمیٹی کی سربراہی متعلقہ محکمے کا سیکریٹری انچارج کرے گا اور دوسروں میں شامل ہوں گے اس محکمے اور سروسز اور جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ میں سے ایک ایک نمائندہ۔

۴۔ جہاں کمیشن، کسی شخص کی ایک کیڈر پوسٹ یا ملازمت پر اس ایکٹ کی شروعات سے پہلی مقرری کی سفارش کی ہے تو اس کیڈر یا ملازمت پر مقرر سب سے جونیئر ایڈہاک یا سول سرونٹ کو ہٹا کر ایسے شخص کو مقرر کیا جائے گا، اگر ضروری ہو:

بشرطیکہ جب دو یا دو سے زائد ایڈہاک یا سول ملازم جو دونوں ایک ہی گیرڈ یا آسامی پر ہوں، ان کی تقرری کی تواریخ پر ملازمت میں سب سے کم عمر والوں کو برطرف کیا جائے گا۔

۵۔ (۱) سول ملازم جن کی ملازمت کو مستقل کیا گیا ہے، اس ایکٹ کے تحت ان کا رتبہ جونیئر ہوگا:

(a)وہ ہی ملازمت یا کیڈر رکھنے والا سول ملازم سے، جو اس ایکٹ کی شروعات کے وقت ملازمت یا کیڈر میں مستقل بنیاد پر ہیں؛

(b)ایسے افراد سے، اگر کوئی ہے، جو اس کی تقرری کی حقیقی تاریخ کے متضاد اس ایکٹ کی

servants

ملازمت سے ہٹانے کا طریقیکار، جہاں ملازمت سے ہٹانا ضروری ہو

Procedure for termination of services where such termination is necessary

سینیارٹی

Seniority

شروعات سے پہلے کمیشن کی سفارشوں پر ملازمت یا کیڈر میں ترتیبوار مقرر کیئے گئے ہیں۔
(۲)سول ملازمین کی سینیارٹی جن کی ملازمت اس ایکٹ کے تحت اس ہی ملازمت یا کیڈر میں مستقل کی گئی ہے، ان کو ایسی ملازمت یا کیڈر میں مسلسل تقرری کے بنیاد پر طے کی جائے گی۔
بشرطیکہ جہاں ان کی مسلسل مقرری کی تواریخ ایک ہیں ہے تو عمر میں چھوٹوں کے مقابلے میں بڑی عمر والوں کا عہدہ اوپر رکھا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔